نکاح کا اعلان کرو

عامر بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”نکاح کا اعلان کرو“۔
[حَسَنْ] [اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

یہ حدیث شادی کے اعلان و تشہیر اور لوگوں میں اس کی خبر کی تنشیر کی مشروعیت پر دلالت کرتی ہے، یہ خوشی کے اظہار اور پوشیدہ شادی سے ممتاز کرنے کے لیے ہے، اعلان کا ضابطہ عرف ہے، وسائلِ اعلان میں سے ولیمہ، لوگوں کی حاضری، رخصتی کے وقت شوہر کا بیوی کی ہمراہی اختیار کرنا، دف بجانا اور گاڑیوں کی آوازیں (ہارن) وغیرہ ہیں۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/58065